بسم اللہ الرحمن الرحیم

# کیا میدان عرفات حشر کا میدان ہے ؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا میدان عرفات حشر کا میدان ہے ؟ اس کو دلیل کے ساتھ بیان فرمادیجئے۔ جزاک اللہ خیرا۔ عرفات کے میدان میں گائیڈ ریہ بیان کرتے ہیں کہ عرفات کا میدان ہی میدان محشر ہے۔ اس کی کوئی حقیقت ہے ؟ رہنمائی فرمائیں۔

## جواب

میدانِ عرفات، حشر کا میدان نہیں، بلکہ حدیث پاک کی رو سے میدانِ حشر، سرزمین "شام" میں قائم ہوگا، لہذا گائیڈر حضرات کا یہ کہنا کہ "عرفات کا میدان ہی میدان محشر ہے" درست نہیں، اوراس کی کوئی حقیقت نہیں۔

حدیث پاک میں ہے، سیدنا ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں : "قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم: الشام أرض المحشر والمنشر "ترجمہ : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا : شام حشر و نشر کی زمین ہے۔ (کنزالعمال، جلد12، صفحہ273، الحدیث : 35013، مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت)

اس حدیث کے تحت فیض القدیر میں ہے "(الشام أرض المحشر والمنشر) أي البقعة التي يجمع الناس فيها إلى الحساب و ينشرون من قبورهم ثم يساقون إليها وخصت بذلك لأنها الأرض التي قال الله فيها { **بارکنا فيها للعالمين** } وأكثر الأنبياء بعثوا منها فانتشرت في العالمين شرائعهم فناسب كونها أرض المحشر والمنشر "ترجمہ : (شام حشر اور نشر کی سرزمین ہے) یعنی وہ جگہ جہاں لوگوں کو حساب کے لیے جمع کیا جائے گا، انہیں ان کی قبروں سے اٹھایا جائے گا اور پھر اسی (سرزمین) کی طرف ہانکا جائے گا۔ اسے اس لیے خاص کیا گیا کیونکہ یہ وہ زمین ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے {جس میں ہم نے تمام جہانوں کے لیے برکت رکھی ہے}، اور اکثر انبیاء یہیں سے مبعوث ہوئے چنانچہ ان کی شریعتیں دنیا بھر میں پھیلیں، لہٰذا اس کا حشر اور نشر کی زمین ہونا بالکل مناسب ہے۔ (فیض القدیر، حرف الشین، فصل فی المحلی بال [للتعریف]، جلد4، صفحہ 171، مطبوعہ : مصر)

صدرالشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں : "یہ میدانِ حشر ملکِ شام کی زمین پر قائم ہوگا۔" (بہار شریعت، جلد1، حصہ 1، صفحہ 132، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب : مولانا محمد انس رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر : WAT-5379

تاریخ اجراء: 21ربیع الاول1448ھ/04ستمبر2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net